ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔

فون:۔021-99212639

پریس ریلیز

کراچی 13 مارچ 2019ء:۔

سوشل میڈیا پر گذشتہ روز پنو عاقل میں غیر قانونی جرگہ کے حوالے سے وائرل ہونیوالی ایک خبر کے تناظر میں ایس ایس پی سکھر نے اپنی ایک رپورٹ میں بتایا کہ مذکورہ واقعہ مورخہ 25 دسمبر 2018ء کو پیش آیا تھا اور متعلقہ پولیس اطلاع ملتے ہی جرگہ اور اسکے شرکاء کیخلاف کیس نمبر 64/2018 درج کر کے جرگہ کے مرکزی کردار عبدالکریم کیخلاف قانونی کاروائی عمل میں لائی تھی۔

ایس ایس پی سکھر نے مزید بتایا کہ سوشل میڈیا پر پرانے واقعہ کو حالیہ بتایا جارہا ہے تاہم آئی جی سندھ کے احکامات کی روشنی میں پولیس نے سابقہ جرگہ کے مرکزی کردار عبدالکریم، لڑکی کے والد اور لڑکی کو برائے تصدیق تحویل میں لیا ہے اور مزید تفتیش/تحقیقات جاری ہے۔

۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔: